15-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندرمودی آج قُبرص، کنیڈا اور کروشیا کے تین ملکوں کے پانچ روزہ دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔

2 بھارتی خلاباز شبھانشو شکلا کو خلا لے جانے والے Axiom-4 مشن کی تاریخ میں تبدیلی کرتے ہوئے اب اسے اس ماہ کی 19 تاریخ کو لانچ کیا جائے گا۔

3 کیلاش مانسروریاترا کیلئے یاتریو کا پہلا جتھہ آج سکم میں گینگٹاک پہنچے گا۔

4 ایران نے اسرائیل پر میزائلوں سے تازہ حملے شروع کئے ہیں جبکہ اسرائیل کی فضائیہ نے تہران میں فوجی تنصیبات پر حملے کئے ہیں۔

5 قومی راجدھانی میں آج صبح سویرے تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش ہوئی ہے، جس سے گرمی سے کافی راحت ملی ہے۔

6 بھارت کی Yajik Hillang نے بھوٹان کے تھمپو شہر میں جنوب ایشین باڈی بلڈنگ اور Physiqueاسپورٹس چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

7 اور BCCI نے بینگلورو بھگدڑ واقعے کے بعد جیت کے جشن کی تقریب کیلئے رہنما خطوط وضع کرنے کیلئے کمیٹی تشکیل دی ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Visit

وزیراعظم نریندرمودی آج قُبرص،کنیڈا اور کروشیا کے تین ملکوں کے دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Rajadurai

وزیراعظم نریندرمودی کا تین ملکوں کا دورہ قبرص کے دورے کے ساتھ شروع ہوگا۔ دو دہائیوں میں جزیرے والے ملکوں کے لئے کسی بھارتی وزیراعظم کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ یہ دورہ کافی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ قبرص، کشمیرسرحد پار کی دہشت گردی اور اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں اصلاحات پر بھارت کے موقف کی مسلسل حمایت کرتارہا ہے۔ قبرص سے وزیراعظم G-7کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے کنیڈا کا دورہ کریں گے۔ سربراہ کانفرنس میں جناب مودی اہم عالمی امورپر تبادلہ خیال کریں گے اور اس موقع پر باہمی میٹنگیں کریں گے۔ وزیراعظم اپنے دورے کے آخری مرحلے میں Croatia جائیں گے جہاں کسی بھارتی وزیراعظم کا اس ملک میں پہلا اعلیٰ سطح کا دورہ ہوگا۔ Croatiaبھارت، مشرقی وسطیٰ-یوروپ معاشی کوریڈور میں ایک اہم شراکت دار ہے اور یہ دورہ بھارت اور کروشیا کے درمیان تعلقات میں ایک بڑے سنگ میل ثابت ہوگا۔

پی راجہ دورئی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حسین اختر

قُبرص کے اپنے دورے کے دوران جناب مودی قبرص کے صدر Nikos Christodoulides کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ توقع ہے کہ دونوں رہنما تجارت وسرمایہ کاری، تعلیم، بحری تعاون، ڈیجیٹل کنکٹیویٹی اور علاقائی سلامتی کے امور پر وسیع تر تبادلہ خیال کریں گے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی طور پر بات کرتے ہوئے قبرص میں بھارتی ہائی کمشنر منیش نے بتایاکہ وزیراعظم مودی کا دورہ ایک نئی سمت میں اضافہ کرے گا اور باہمی تعلقات کو مزید استحکام ملے گا۔

انہوں نے کہا کہ بھارت اور قبرص تجارت اور بحری راستوں کے ذریعے تاریخی اعتبار سے ایک دوسرے سے جڑے رہے ہیں۔ انہوں نے اس دورے کو نتیجہ خیز قرار دیا اور کہا کہ اس سے تعلقات کافی وسیع ہوں گے۔

SB High Commissioner

ہائی کمشنر نے مزیدکہا کہ قبرص 2035 کیلئے ایک قومی ویژن رکھتا ہے جبکہ بھارت کا بھی 2047 تک وکست بھارت کا ویژن ہے۔انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط اور قریبی تال میل ہے۔انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیاکہ دونوں رہنما ایک روڈ میپ وضع کریں گے تاکہ تعاون کو اور زیادہ بڑھایا جاسکے اور اسے وسعت دی جاسکے۔

SB- Road Map

قُبرص کے اپنے دورے کے بعد وزیراعظم 16سے 17جون تک Kananaskis میں G-7 سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے کنیڈا کا دورہ کریں گے۔جناب مودی کا G-7 میں شرکت کیلئے لگاتار چھٹی مرتبہ دورہ ہوگاتوقع ہے کہ وہ G-7 لیڈروں، مدعو کئے گئے شراکت دار ملکوں، عالمی امور پر نظر رکھنے والی بین الاقوامی تنظیموں کے سربراہوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اور توانائی کی سیکورٹی، ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں اور اے آئی اینرجی Nexus پر توجہ دیں گے۔وزیراعظم اپنے دورے کے آخری مرحلے کے تحت کروشیا جائیں گے۔وہ 18 جون کو وہاں پہنچیں گے۔ملک کے کسی وزیراعظم کا یہ پہلا دورہ ہوگا اور اس دورے کو بھارت-کنیڈا

تعلقات میں ایک بڑے سنگ میل کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ یہ دورہ یوروپی یونین ممبروں کے ساتھ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے بھارت کے ارادے کی عکاسی کرتا ہے۔قُبرص، کنیڈا اور کروشیا میں اپنے اہم مذاکرات کے ساتھ وزیراعظم کا دورہ بھارت کی خارجہ پالیسی کی ترجیحات کو آگے بڑھانے کے وعدے کو پورا کرے گا اور خطوں میں اشتراک کے نئے مواقع کھولے گا۔

PM Departure Statement

تین ملکوں کے اپنے دورے پر روانہ ہونے سے قبل ایک بیان میں وزیراعظم نے اس بات کو اجاگر کیا کہ قُبرص، بحرِروم خطے اور یوروپی یونین میں ایک قریبی دوست اور ایک اہم شراکت دار ملک ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس دورے سے تاریخی رشتوں کی تعمیر میں ایک موقع بھی فراہم ہوسکے گا اور جس سے تجارت، سرمایہ کاری، سیکورٹی،ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعلقات بڑھانے اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں کو فروغ ملے گا۔اپنے کینڈا دورے پر وزیراعظم نے کہا کہ G-7 سربراہ کانفرنس اہم عالمی امور اور عالمی جنوب کی ترجیحات پر خیالات کے تبادلے کا موقع فراہم کرے گا۔ وزیراعظم شراکت دار ملکوں کے لیڈروں کے ساتھ بات چیت کے منتظر ہیں۔ کروشیا کے اپنے دورے کے موقع پر جناب مودی نے اس بات اجاگر کیا کہ دونوں ملکوں کے صدیوں پرانے قریبی ثقافتی تعلقات رہے ہیں۔

جناب مودی نے مزید کہا کہ کروشیا کیلئے کسی بھارتی وزیراعظم کا یہ پہلا دورہ ہوگا جو آپسی مفاد کے شعبوں میں باہمی تعاون کے نئے مواقع کھولے گا۔وزیراعظم نے کہا کہ یہ تین ملکوں کا دورہ ایک ایسا موقع ہے جس سے سرحد پار کی دہشت گردی کے خلاف بھارت کی جنگ میں اسے ان کی زبردست حمایت حاصل ہوگی اوراس کے لئے انہیں شراکت دار ملکوں کا شکریہ ادا کرنے کا موقع بھی ملے گا۔

Axiom -4

بھارتی خلا نورد شبھانشو شکلا کو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن ISS لے جانے والا مشن Axiom-4اب 19 جون 2025 کو جائے گا۔ یہ اطلاع، تکنیکی مسئلوں کو کامیابی سے حل کئے جانے کے بعد آئی ہے جن کی وجہ سے مشن میں تاخیر ہورہی تھی۔

پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

VC- Jigyasa

مشن کو دو بڑے تکنیکی مسئلوں کا سامنا تھا جن پر خصوصی توجہ مرکوز کئے جانے کی ضرورت تھی۔ISRO، Axiom Spaceاور Space X کے درمیان ہونے والی Coordinationمیٹنگ میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہے کہ Falcon 9 لانچ راکٹ میں سیال آکسیجن کے اخراج کے مسئلے کو کامیابی سے حل کرلیا گیا ہے۔

اس اخراج کا معاملہ لانچ سے پہلے ہونے والے معائنوں میں سامنے آیا تھا جس کی وجہ سے 11 جون کو طے پائے گئے لانچ کی تاریخ کو ملتوی کرنا پڑا تھا۔ یہ مشن بھارت کے لئے بڑی تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ اس مشن کے کامیاب ہونے کی صورت میں، شبھانشو شکلا بین

الاقوامی خلائی اسٹیشن ISS جانے والے پہلے اور راکیش شرما کے بعد مدار میں داخل ہونے والے دوسرے بھارتی خلا نورد ہوں گے۔راکیش شرما 1984 میں خلا میں گئے تھے۔اپنے 14 روزہ مشن کے دوران شبھانشو ISRO اور NASA کے اشتراک سے تیار کئے جانے والی خلائی غذائیت اور خوراک کے نظام سے متعلق اہم سائنسی تجربات انجام دیں گے۔NASA، Space Xاور ISRO کے اشتراک والے اس مشن کا مقصد خلائی پروازوں کے لئے بین الاقوامی امدادِ باہمی کو مستحکم کرنا ہے۔ یہ مشن، بھارت کے اپنے ’گگن یان‘ پروگرام کی سمت ایک اہم قدم ہے، جس کا مقصد ملک میں ہی تیار کردہ ٹیکنالوجی کے ذریعے بھارتی خلا بازوں کو خلا میں بھیجنا ہے۔اس ISS مشن سے حاصل کئے گئے تجربے سے بھارت کے مستقبل کے خلا کے شعبے میں کئے جانے والے اقدامات میں براہ راست فائدہ ملے گا اور عالمی خلائی شعبہ سے متعلق دریافت کے معاملے میں ملک کا مقام مستحکم ہو گا۔

آکاشوانی نیوز دلی سے Jigyasa Pandy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں------

kailash mansarovar yatra

سکم میں، کیلاش مانسروور یاترا کے لئے یاتریوں کا پہلا جتھ آج Gangtok پہنچے گا۔ سکم حکومت نے ان کے استقبال کے سبھی انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔ کیلاش مانسروور یاترا پانچ سال کے وقفے کے بعد اس مہینے کی 20 تاریخ کو شروع ہو رہی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، سیاحت اور شہری ہوا بازی کے محکمے کے ایڈیشنل چیف سکریٹری C.S.Rao نے کہا کہ آج پہنچنے والے اس گروپ کے پہلے جتھے میں سرکاری افسران کے ساتھ35 یاتری شامل ہیں۔ وہ 15 میل میں اور Sherathang میں ماحول سے موافقت کے لئے قیام کریں گے۔ اس دوران اعلیٰ دفاعی اور سرکاری حکام انہیں بریفنگ دیں گے۔ اس مہینے کی 20 تاریخ کو وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ Nathu La میں یاترا کا پرچم لہرائیں گے۔

جناب راؤ نے کہا کہ یاتریوں کو تمام طبی اور دیگر سہولیات فراہم کی جایں گی۔

Amitshah

مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ آج لکھنؤ میں ایک بڑی تقریب کے دوران اترپردیش پولیس کے بھرتی کئے گئے 60ہزار 244نئے کانسٹبل کو تقررنامے تقسیم کریں گے۔ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی اس موقع پر موجود رہیں گے جو ریاست میں قانون نافذ کرنے والی ایجنسی کو مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ کانسٹبل کی براہ راست بھرتی کیلئے 60 ہزار 244 پوسٹوں میں سے 12ہزار 48 خواتین ہیں۔

Shah Madhya Pradesh

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اِس بات کا عزم ظاہر کیا ہے کہ قومی سلامتی ایک ترجیح رہے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بھارت کے اقتدار اعلیٰ کو خطرے کی کسی بھی کوشش سے فیصلہ کن کارروائی کے ساتھ نمٹا جائے گا۔ انہوں نے قومی مفادات کے تحفظ کے بارے میں حکومت کے مضبوط عزم کا ذکر کیا۔ انہوں نے پارٹی اور ملک کے مستقبل کو نئی شکل دینے میں نظم و

ضبط، نظریاتی عزم اور عوامی خدمات کی اہمیت پر زور دیا۔ وہ کل مدھیہ پردیش کے Pachmarhiکے پہاڑی اسٹیشن میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے ایم پی، ایم ایل اے کے تربیتی کیمپ سے خطاب کررہے تھے۔

پارٹی کے 200 سے زیادہ ایم پیز، ایم ایل ایز، وزراء اور سینئر عہداروں کے مجمعے سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ وجے بھائی روپانی اور دیگر اُن دیگر لوگوں کو خراج عقیدت پیش کرکے اپنی تقریر شروع کی جن کی احمد آباد میں افسوسناک ہوائی جہاز حادثے میں موت ہوگئی تھی۔ انہوں نے پارٹی اور ملک کے لئے آنجہانی روپانی کی خدمات اور تعاون کو تسلیم کیا اور انہوں نے بی جے پی کی بے لوث خدمات اور اُس کے عزم کے لئے غیر متزلزل عہد کا ذکر کیا۔x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

Ahmedabad Plan Crash

گجرات میں DNA میچ کرنے کا عمل جاری ہے اور طیارہ حادثے کے متاثرین کی شناخت کی جارہی ہے۔ گجرات کے داخلی امور کے وزیر مملکت ہرش سنگھوی نے کہا ہے کہ کل رات نو بجے تک 19 ڈی این اے سیمپل میچ کرلئے گئے تھے۔ جاری کوششوں کے حصے کے طور پر فارنسک ٹیمیں پوری پوری رات کام کررہی ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ DNA سیمپل میچ کئے جاسکیں۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ طیارہ حادثے میں مرنے والوں میں شامل سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی کی آخری رسومات راجکوٹ میں ادا کی جائیں گی۔ DNA ٹیسٹ کے نتیجے آنے کے بعد تاریخ کا اعلان کیا جائے گا۔

اسی دوران، مرنے والوں کے اہل خانہ کو ہر قسم کی سہولیات فراہم کرنے کے لئے سول اسپتال میں وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔ احمد آباد کے سول اسپتال کے سپرنٹنڈنٹ، ڈاکٹر راکیش جوشی نے کہا کہ ہر متاثر کے لئے ایک علیحدہ ٹیم اور مفت ایمبولینس سروس فراہم کی گئی ہے۔

SB- Rakesh Joshi

Naidu Ahmedabad Plane Crash

شہری ہوا بازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو نے بتایا ہے کہ شہری ہوا بازی کے ڈائرکٹوریٹ جنرل DGCA نے 34 بوئنگ 787 طیاروں کی نگرانی کو بڑھانے کا حکم دیا ہے جو فی الحال بھارتی طیارہ بردار جہاز میں موجود ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اُن میں سے آٹھ کا پہلے ہی فوری ضرورت کے طور پر معائنہ کیا گیاہے۔ کل نئی دلی میں میڈیا کے افراد کو تفصیل بتاتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ مختلف شعبوں کے ماہرین کی اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دی جارہی ہے تاکہ وہ اِس حادثے کی تحقیقات کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ داخلی سکریٹری اِس کمیٹی کے چیئرمین ہوں گے۔

SB- Rammohan Nayadu On Investigation

وزیر موصوف نے کہا کہ کمیٹی موجودہ معیاری آپریٹنگ طریقہ کار SOP's اور رہنما خطوط کی جانچ کرے گی جو اِس طرح کے واقعات کو روکنے اور اُن سے نمٹنے کیلئے جاری کئے گئے ہیں اور یہ کمیٹی مستقبل میں اِس طرح کے واقعات سے نمٹنے کیلئے جامع رہنما خطوط تجویز کرے گی-x

Iran Israel  War

ایران اور اسرائیل نے ایک دوسرے کے ٹھکانوں پر خطرناک میزائل حملے کئے ہیں جبکہ ایرانی پروجیکٹائلز نے اسرائیلی شہروں کو نشانہ بنایا۔ ادھر اسرائیل فوجوں نے کل ایک ساتھ تہران میں فوجی تنصیبات پر تازہ حملے کئے۔ ڈرامائی طور پر لڑائی نے مشرق وسطیٰ کو بقول حکام کے مطابق نیا خطرناک خطہ بتایاہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Vinod Kumar

یروشلم اور Haifa میں، میزائل حملوں کے پیش نظر اسرائیل میں الارم کی آوازیں سنائی دیں۔ گنجان آبادی والے علاقوں میں، ایرانی میزائیلوں کے حملوں کے تناظر میں اسرائیلیوں نے بم سے بچنے کے لئے پناہ گاہوں کا رُخ کیا۔ Haifa خطے میں اس وقت تیز دھماکے سنائی دیے جب اسرائیلی فضائی دفائی نظام نے آنے والی میزائیلوں کو ناکارہ بنا نے کے لئے کارروائی شروع کی۔

اسرائیلی دفاعی افواج نے تصدیق کی ہے کہ وہ تہران میں فوجی اہداف پر حملہ کر رہی ہیں، ساتھ ہی ایران کی جانب سے داغی جانے والی میزائلوں کے سیلاب کو ناکارہ بنانے کی کوشش بھی جاری ہے۔

IDFہوم فرنٹ کمانڈ نے ملک بھر کے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ مزید اطلاع تک بم سے بچنے کے لئے پناہ گاہوں کے قریب رہیں اور خبردار کیا کہ عوامی مقامات پر نقل و حرکت کم سے کم رکھی جائے اور عوامی اجتماعات سے اجتناب کیا جائے۔

اس دوران، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تہران پر سفارتی دباؤ بڑھاتے ہوئے انتباہ کیا کہ اگر اسلامی جمہوریہ امریکہ کے ساتھ نیوکلیائی معاہدے پر رضامند نہیں ہوتا تو اس پر مزید شدید حملے کیے جائیں گے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں حسین اختر

ایرانی فوجی حکام نے کہاہے کہ وہ اس تاثر کے تحت اس طرح سے کارروائی کررہے ہیں کہ ایران حملوں کے ختم ہونے کا دور دورتک کوئی امکان نہیں ہے۔ اسرائیلی دفاعی فورسز نے کہا ہے کہ بیشتر بیلسٹک میزائلوں کوناکارہ بنا دیاگیا، حالانکہ وسطی اسرائیل میں اس کا اثرپڑا ہے۔

فوج نے اعلان کیا ہے کہ وہ حملے جاری رکھیں گے اور سطح سے سطح تک مار کرنے والے ایرانی میزائل کے ٹھکانوں کو تباہ کردیں گے۔ تاہم انہوں نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے پاس اب

بھی اسرائیل کو سنگین نقصان پہنچانے کی صلاحیت ہے۔ بڑھتی ہوئی کشیدگی اور لڑائی کے بیچ امریکہ، اسرائیل کے دفاع کو مضبوط کرنے کیلئے تیزی سے تعاون کررہا ہےبحریہ نے Destroyer Uss Thomas Hunderکو ہدایت دی ہے کہ وہ مغربی بحرروم سمندر سے مشرق وسطیٰ کی طرف بڑھنے پر امریکی بحری جہاز بیلسٹک میزائلوں کے خلاف دفاع کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق امریکی مقامی دفاعی نظام اور ایک بحری Destroyerنے پہلے ہی ایران سے آنے والے بیلسٹک میزائلوں کو گرانے میں اسرائیل کی مدد کی ہے۔

US Iran Nuclear Talks

مسقط میں آج امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والے نیوکلیائی مذاکرات کا چھٹا مرحلہ رد ہوگیا ہے۔ یہ اعلان ان مذاکرات میں ثالث کا کردار نبھانے والے عمان نے دی ہے اور ایسا ایران کے نیوکلیائی مرکزوں پر اسرائیل کی جانب سے کئے گئے فضائی حملوں کے پیش نظر ہوا ہے جن میں متعدد اعلیٰ کمانڈر اور سائنسداں ہلاک ہوئے ہیں۔x

Delhi Rain

قومی راجدھانی دلی میں آج صبح سویرے تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش ہوئی جس سے دلی میں گرمی سے کافی راحت ملی اور درجہ حرارت کافی نیچے گرگیا اور ہوا کے معیار میں بھی بہتری آئی۔ لوگوں کو گرمی سے نجات ملی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج صبح سویرے قومی راجدھانی میں 80 سے 100 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلیں، جس سے ٹریفک متاثر ہوا اور بہت سے نشیبی علاقوں میں پانی بھرگیا۔محکمہ موسمیات نے انتہائی شدید بارش کی وجہ سے آج تمل ناڈو، ساحلی کرناٹک، جنوبی اندرونی کرناٹک، کیرالہ، کونکن اور گوا میں ریڈ الرٹ جاری کیاہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق توقع ہے کہ آج لکشدیپ،ساحلی آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں شدید بارش ہوگی۔

محکمہ موسمیات نے آج گجرات، ودربھ، چھتیس گڑھ اور اڈیشہ کے کچھ حصوں میں جنوبی مغربی مانسون کے مزید آگے بڑھنے کیلئے سازگار حالات کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے دو دن کے دوران مغربی بنگال، جھارکھنڈ اور بہار کے کچھ حصوں میں اسی طرح کے حالات رہیں گے۔ اسی دوران آج سے شمالی بھارت میں گرم ہواکے چلنے میں کمی آئے گی۔ محکمہ موسمیات میں آج اتراکھنڈ، مشرقی راجستھان میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

Punjab - WEAAD

آج، بزرگوں کے استحصال سے متعلق آگاہی کے عالمی دن WEAAD کی مناسبت سے Help Age Indiaکی جانب سے کئے گئے اپنی طرح کے پہلے مطالعہ میں اس بات کا انکشاف ہوا ہے کہ چھوٹے شہروں میں، بڑے شہروں کے مقابلے، نوجوانوں اور بزرگوں کے درمیان روایتی اقدار اور تعلقات زیادہ مضبوط ہوئے ہیں۔

10شہروں میں کل 5 ہزار 789 افراد پر کئے گئے سروے میں دو تہائی بزرگوں اور 70 فیصد نوجوانوں نے کہا ہے کہ اس مضبوط تعلق کی وجہ گھر میں روزانہ کی بنیاد پر ہونے والی بات چیت ہے۔ دلی، ممبئی،کولکاتہ، ناگپور اور احمد آباد سمیت 10 شہروں میں یہ سروے کیا گیاتھا۔

اس سلسلے میں ایک رپورٹ "میرا یوا بھارت" کے پنجاب اور چنڈی گڑھ کے ڈائرکٹر پرمجیت سنگھ کی جانب سے جاری کی گئی-x

Yajik Hillang Gold

بھارت کی Yajik Hillang نے گل بھوٹان کے شہر Thimphu میں 15 ویں جنوب ایشین باڈی بلڈنگ اور فزک اسپورٹس چمپئن شپ 2025 میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ انہوں نے خواتین کے ماڈل فزک کے 155 سینٹی میٹر مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ Yajik کا تعلق اروناچل پردیش سے ہے اور وہ بین الاقوامی مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتنے والی ریاست کی پہلی خاتون فزک اسپورٹس ایتھلیٹ بن گئی ہیں۔اِس کا مقابلے کا اہتمام جنوب ایشین باڈی بلڈنگ اور فزک اسپورٹس فیڈریشن کی طرف سے کیا گیا تھا۔ پانچ روز تک چلنے والی چمپئن شپ آج ختم ہوجائے گی-x

BCCI Apex Meet

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے بنگلورو میں RCB کی IPL میں جیت کا جشن منانے کے دوران ہوئے جیسے حادثوں کو روکنے کے مقصد سے جامع رہنما خطوط وضع کرنے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔یہ فیصلہ کل BCCI کی Apex Council کی 28 ویں میٹنگ کے دوران کیا گیا۔ اس کمیٹی کی قیادت بطور چیئرپرسن Devajit Saikia کریں گے۔ اس کمیٹی میں Prabhtej Singh Bhatia اور Rajeev Shukla بھی شامل ہوں گے۔ یہ کمیٹی 15 دن کے اندر رہنما خطوط وضع کرے گی۔ Apex Council نے احمد آباد اور بینگلورو میں ہوئے دردناک حادثوں پر دکھ کا بھی اظہار کیا ہے جن میں کئی افراد کی موت ہوگئی ہے-x

Sonowal Indian Economy

بندرگاہوں، جہاز رانی اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے کہا ہے کہ بھارت 2029 تک دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر پوری طرح گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس تیز ترقی کا سہرا گزشتہ 11 سال میں وزیر اعظم نریندر مودی کی فیصلہ کن اور بدعنوانی سے پاک حکمرانی کو جاتا ہے۔ NDA حکومت کے 11 سال پورا ہونے کے موقعے پر ڈبرو گڑھ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب سونووال نے کہا کہ بھارت نے مفلوج پالیسی اور کنبہ پروری کی بدنظمی کے دور کو پیچھے چھوڑ دیا ہے اور اب اُسے نوجوانوں کے ذریعے فلاح بہبود پر مبنی ترقی اور اختراع سے طاقت مل رہی ہے اور وہ ریکارڈ توڑنے والے بنیادی ڈھانچے کو وسعت دے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس سال میں 25 کروڑ سے زیادہ لوگ غربت سے باہر نکلے ہیں۔ یہ تعداد کئی یوروپی ملکوں کی آبادی سے کہیں زیادہ ہے-x

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... نتیکا تیاگی

شکریہ - آسیہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والی آج کے بیش تر اردو اخبارات نے احمدآباد طیارہ حادثے کی جامع تحقیقات کی غرض سے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دیے جانے سے متعلق خبر کو صفحہء اول کی بڑی خبر کے طور پر سائع کیا ہے۔روزنامہ ملاپ کی اس حوالے سے سرخی ہے ’احمدآباد طیارہ حادثے کی تحقیقات کے لئے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل‘ کمیٹی تین مہینے کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔تمام اخبارات نے اسرائییل اور ایران کے درمیان جاری میزائیل حملوں سے متعلق خبر کو تمایاں طور پر اپنے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے: ’ایران کے اسرائیل پر حملے جاری اسرائیل میں 5 خاتون ہلاک، 80 افراد زخمی۔ اسرائیلی حملوں میں ایران کے مزید 2 فوجی جنرل شہید‘ وہیں، روزنامہ راشڑیہ سہارا نے سرخی لگائی ہے: ’ایران کی سخت جوابی کارروائی‘ خطہ باضابطہ جنگ کے دہانے پر ‘روزنامہ پرتاپ نے وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کے اس بیان کو تمایاں طور پر پیش کیا ہے کہ ’مودی سرکار کے 11برسوں میں اقتصادی ترقی کو خاص توجہ ملی‘۔ شمالی ہندوستان میں شدید گرمی کے حالات سے منسلک خبر کو تقریباً سبھی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔روزنامہ انقلاب لکھتا ہے: ’شمالی ہندوستان میں شدید گرمی‘ راجتھان میں درجہء حرارت 49 ڈگری کے پار‘۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندرمودی آج قُبرص، کنیڈا اور کروشیا کے تین ملکوں کے پانچ روزہ دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔

2 بھارتی خلاباز شبھانشو شکلا کو خلا لے جانے والے Axiom-4 مشن کی تاریخ میں تبدیلی کرتے ہوئے اب اسے اس ماہ کی 19 تاریخ کو لانچ کیا جائے گا۔

3 کیلاش مانسروریاترا کیلئے یاتریو کا پہلا جتھہ آج سکم میں گینگٹاک پہنچے گا۔

4 ایران نے اسرائیل پر میزائلوں سے تازہ حملے شروع کئے ہیں جبکہ اسرائیل کی فضائیہ نے تہران میں فوجی تنصیبات پر حملے کئے ہیں۔

5 قومی راجدھانی میں آج صبح سویرے تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش ہوئی ہے، جس سے گرمی سے کافی راحت ملی ہے۔

6 بھارت کی Yajik Hillang نے بھوٹان کے تھمپو شہر میں جنوب ایشین باڈی بلڈنگ اور Physiqueاسپورٹس چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

7 اور BCCI نے بینگلورو بھگدڑ واقعے کے بعد جیت کے جشن کی تقریب کیلئے رہنما خطوط وضع کرنے کیلئے کمیٹی تشکیل دی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------